RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵ | مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۸ محرم الحرام سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۳۰ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء | جلد ۲۳

آرمی آرڈر پیشگاہ اعلیحضرت بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۷ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء

مابدولت اقبال منظور فرماتے ہیں کہ کپتان صاحبزادہ سجاد علیخان بہادر کو بعوض خدمات ایڈیکانگ ملٹری ڈپارٹمنٹ کے بجٹ سے مبلغ دو سو پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ دیجائے عملدرآمد ۱۵ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء سے ہونا چاہئے۔ اور درج گزٹ ہو۔

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر تنخواہ کپتان صاحبزادہ سجاد علیخان بہادر از بجٹ ملٹری ڈپارٹمنٹ	۱
۲	تقرر میر سردار حسین خان بعہدہ لفٹنٹ اڈجوٹنٹ	۲
۳	[illegible] جیل و اسسٹنٹ سرجن	〃
۴	تقرر [illegible] خان بعہدہ تحصیلداری شاہ آباد	〃
۵	[illegible] تحصیلدار ملک وغیرہ	۳
۶	رخصت [illegible]	۳
۷	[illegible]	۳
۸	رخصت مرزا وارث علی جمعدار	۳
۹	رخصت مرزا امیر بیگ جمعدار	۳
۱۰	موقوفی شیر علیخان جمعدار دوم	۳
۱۱	رخصت [illegible]	۳

آرمی آرڈر پیشگاہ اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۷ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء

حسب استدعاے معروضہ ۲۰ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج ۳۷۹ صوبہ دار منور حسین خان ولد خان بہادر خان شہرو بٹالین اسٹیٹ انفنٹری علی غول کمپنی (۱) کو بجاے خالی بعہدہ لفٹنٹ ایڈجوٹنٹ مقرر کیا گیا۔ اب تنخواہ چالیس روپیہ ماہوار اور دس روپیہ ماہوار الاونس ایڈجوٹنٹی کے کام کا کل پچاس روپیہ ماہوار پاینگے۔ ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء سے عملدرآمد ہونا چاہیے۔ اور آرڈر ہذا درج گزٹ ہوئی ہے۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۷ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر نسبت نفاذ حکم عطاے اختیار مصارف معمولی بتعداد بیس روپیہ بہ سپرنٹنڈنٹ جیل و اسسٹنٹ سرجن مشمولہ کاغذات مسدودی اختیارات صاحب سپرنٹنڈنٹ جیل و اسسٹنٹ سرجن بابت مصارف وغیرہ۔

حکم ہوا کہ

حسب وضاحت رپورٹ و تحریر صاحب ہوم سکرٹری بہادر مصارف معمولی کا اختیار ڈاکٹر عبدالحکیم خان صاحب اسسٹنٹ سرجن کو براے شفاخانہ جیل بیس روپیہ تک کا دیا جانا منظور کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۸ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء

مولوی ریاض الاسلام کا انتقال ہوگیا۔ تحصیلداری شاہ آباد پر بابدولت اقبال کپتان محمد جمیل خان ایڈیکانگ کا تقرر منظور فرماتے ہیں۔ آیندہ فوجی اسٹاف سے انکا کوئی تعلق نہ رہیگا۔ منشی محمد جمیل خان کو ایکسو روپیہ ماہوار تنخواہ اور پچیس روپیہ ماہوار الاونس صیغہ مال سے ملیگا۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت مندرجہ بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی صاحب ریونیو سکرٹری بہادر اور کرنل صاحب بہادر کمانڈنگ افواج کے پاس مرسل ہو۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

واقع ۲۸ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء

چونکہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم ۱۰ فروری سنہ ۱۹۱۱ء کو دو بجے دن بورہے پور وغیرہ واسطے شکار کے تشریف لیجاینگے اور قریب دو تین ہفتہ کے شکار ہوگا۔ لہذا بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

منشی امتیاز علیخان قائم مقام تحصیلدار ملک فوراً سوار کو اور منشی حبیب شاہ خان تحصیلدار سوار ملک تبدیل ہوں۔ اور یہ تبادلہ اسوقت تک قائم رہیگا جبتک کہ بندگان حضور پرنور شکار میں تشریف رکھیں گے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر
رخصت

۵ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء

رخصت یکماہہ ہیڈ ڈاکٹر جمنا داس متعینہ برانچ ڈسپنسری بوجہ شادی دختر اجلاس ہمایون سے منظور فرمائی گئی۔ اور مکند رام ہیڈ ڈاکٹر بجائے موصی الیہ باضافہ الاؤنس چار روپیہ ماہوار علاوہ تنخواہ مامور کئے گئے۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر
واقع ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء

چونکہ طاعون کا ٹیکہ نہایت مفید ثابت ہوا۔ عام طور سے شہر کے اشخاص روزانہ کثیر تعداد مین ٹیکہ لگانے کے واسطے صدر شفاخانہ مین آرہے ہین ٹیکہ شدہ اشخاص کی تعداد قریب چار ہزار کے ابتک پہنچ چکی ہے۔ ابتدا سے ایک رجسٹر موجود ہے جسمین ہر ایک ٹیکہ لگانے والے کا نام ولدیت عمر و سکونت درج ہوتی ہے۔ روزانہ اموات طاعون کا ایک نقشہ میونسپلٹی سے آتا ہے اور ایسی اموات کی نسبت خاص طور پر اظہار کی تاکید کی گئی ہے جنکے ٹیکہ لگایا گیا ہو رجسٹر سے نقشہ کی روزانہ مطابقت ہوتی ہے خدا کے فضل سے سب ایسے اشخاص جنہون نے ٹیکہ لگالیا ہے وبائے طاعون سے اسوقت تک محفوظ اور صحیح سالم موجود ہین ایک شخص کو بھی گزند نہین پہنچا حالانکہ کثیر تعداد ہوگئی ہے۔ افواہ سنی گئی تھی کہ چند فوج کے آدمی ٹیکہ کے بعد طاعون سے فوت ہوئے اس خیال سے کہ ایسی افواہ ممکن ہے کہ لوگون کے دلون مین ٹیکہ کی جانب سے غیر اطمینانی پیدا کرے نہایت احتیاط کے ساتھ پورے طور پر جانچ اور تحقیقات کی گئی اور یہ افواہ محض بے بنیاد ثابت ہوئی۔ سمجھ مین نہین آتا کہ ایسی مفید شئے سے لوگون کے دلون کو غیر مطمئن کرنیکا کیا نتیجہ سوچا گیا ہے۔ عام غلط فہمی رفع کرنے کے لئے اس افواہ کی تردید ہونا مناسب ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ اور ایک نقل صدر شفاخانہ مین بھیجی جائے۔

ملخص برگیڈ آرڈر اجلاس صاحب کرنیل بہادر کمانڈنٹ افواج
رخصت

۵ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب کمانڈنگ افسر نمبر ۲ اسکواڈرن مرزا وارث علی جمعدار ٹروپ نمبر ۶ کی رخصت دس یوم بضرورت تعزیہ داری ۵ جنوری سنہ حال سے ۱۴ جنوری تک بذمہ داری کمانڈنگ افسر صاحب منظور کیگئی۔

۱۴ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش لفٹنٹ کمانڈنگ افسر مرزا امیر بیگ جمعدار نمبر ۲ اسکواڈرن ٹروپ نمبر ۵ کی رخصت یکماہہ ۱۵ جنوری سنہ حال سے ۱۴ جنوری تک بضرورت جانے بریلی منظور کی گئی۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
واقع ۱۸ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء

بملاحظہ عرضی مسماۃ آبادی بیگم بنت غلام حسین خان ساکن گھیر میان جانخان تصدیق شدہ رجسٹرار صاحب صدر بدرخواست اطلاع موقوفی مسمی شبیر علیخان ولد عبدالرزاق خان ساکن محلہ

بہاتجہ خود مختار نامہ عام

مسماۃ آبادی بیگم بنت غلام حسین خان ساکن گھیر میاں جانخان نے مسمی شیر خان ولد عبد الرزاق خان بہاتجہ اپنے کو مختار عام سے موقوف کرکے دفتر رجسٹرار صدر میں تصدیق کرا دیا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

اطلاع موقوفی مختار عام مذکور عدالتہائے کو دیجائے۔ اور ایک نقل حکم ہذا درج گزٹ ہو۔

صاحب جوڈیشل سکریٹری

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۸ جنوری سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب جج بہادر رخصت دس یوم انعام الحق نقلنویس عدالت جج بذمہ داری اُلفت رائے نقلنویس منظور کی گئی۔

پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر - واقع ۱۸ دسمبر سنہ ۱۹۱۱ عیسوی

بسلسلہ دورہ متعلق مردم شماری شفاخانجات تحصیل کے دیکھنے کا موقع ملا - معائنہ کے متعلق مفصل یادداشت شامل روبکار ہذا ہے جس سے ہر ایک شفاخانہ کی موجودہ حالت ظاہر ہوتی ہے شفاخانہ تحصیل سوار مین چند امور قابل توجہ صاحب اسٹیٹ سرجن دیکھے گئے - نیز مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مفصلات کے شفاخانجات کی حالت سے صاحب اسٹیٹ سرجن کو اطلاع دیجائے تاکہ جو امور قابل اصلاح ہون اونکا مناسب انتظام کیا جائے - زہریلی دواؤن اور کوکین کی بابت ہر ایک ہاسپٹل اسسٹنٹ کو ہمنے خود ہدایت کردی ہے کہ انکا صرف علیحدہ دکھایا جاوے لہذا

حکم ہوا کہ

ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع مین بھیجی جاوے اور ایک نقل روبکار ہذا مع نقل یادداشت معائنہ مشمولہ بنا بر آگاہی صاحب اسٹیٹ سرجن کی خدمت مین مرسل ہو اصل دفتر مین رہے -

نقل یادداشت معائنہ شفاخانجات تحصیلات

متعلق دورہ صاحب ہوم سکرٹری بہادر بسلسلہ معائنہ کام مردم شماری من ابتدای ۳ لغایت ۹ دسمبر سنہ ۱۹۱۱ع

۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۱ع - تحصیل ٹانڈہ - آج ٹانڈہ کے شفاخانہ کا معائنہ کیا گیا - بابو سعید اللہ ہاسپٹل اسسٹنٹ ایک کمپونڈر ایک کہار ایک خاکروب یعنی کل عملہ موجود ہے - مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ اس شفاخانہ کی حالت قابل اطمینان ہے - ہر چیز - آلات - ادویات - اپنے موقع پر سلیقہ سے رکھے ہین جس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ بابو سعید اللہ ہاسپٹل اسسٹنٹ اپنے کام کو دلچسپی کیساتھ دیکھتے ہین - دریافت سے معلوم ہوا کہ مریض کسی خاص ایک مرض کے اسوقت شاکی نہین ہین اور اونکی روزانہ تعداد پچاس کے قریب ہوجاتی ہے رجسٹر موجودات کے موافق سامان موجود ہے - سالانہ خرچ کی دوائین اپنے بکسون مین بند رکھی ہین - اونکے واسطے ایک الماری کی ضرورت ہے - بابو سعید اللہ ضابطہ کی تحریر صاحب اسٹیٹ سرجن کی وساطت سے ہمارے پاس بھیجدین - ہمنے ہدایت کردی ہے کہ کوکین کا خرچ علیحدہ دکھایا جایا کرے اور اوسکے صرف کی بطور خاص صاحب اسٹیٹ سرجن کو اطلاع دیتے رہین -

۴ دسمبر سنہ ۱۹۱۱ع - تحصیل سوار - آج ہمنے شفاخانہ تحصیل سوار کا معائنہ کیا شیخ محمد بخش ہاسپٹل اسسٹنٹ اور عملہ موجود تھا - دوائین الماریون مین چن دیگئی ہین لیکن کوکین جیسی احتیاط سے رکھنے والی چیز باہر ایک کھلے ہوے بکس مین پڑی تھی - جو دریافت کرنے پر کمپونڈر نے نکالکر دی - اور زہریلی ادویات کی الماری مین ہمنے اپنے ہاتھ سے رکھدی - آلات جراحی صاف نہین ہین - ہاسپٹل اسسٹنٹ کو رجسٹر موجودات سے بیخبر پایا یہ رجسٹر بھی کمپونڈر نے پیش کیا - ایک بڑی الماری ادویات کا ایک پٹ علیحدہ ہے اسکو چند پیچ لگا کر درست کرنا دشوار نہ تھا چھوٹی الماریان بھی شکستہ حالت مین ہین ایک کا ایک کیواڑ نادارد ہے - جو تھوڑی سی تکلیف سے درست ہو سکتا تھا دوا تقسیم کرنیکے کمرہ مین یہان آنکھ کی دوائین رکھی تھین ایک ایسا میلا کپڑا ملا جسکی مثال کسی گندی چیز سے دینا آسان نہین ہے جملہ امور پر غور کرکے ہمکو یہ رائے

قائم کرنا پڑی کہ محمد بخش ہاسپٹل اسسٹنٹ صفائی اور ترتیب سے کم دلچسپی رکھتے ہیں۔ روزانہ مریضونکی تعداد قریب ساٹھ کے بیان کیگئی تپ ولرزہ کی شکایت خاص ہے۔

۶ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء ۔ تحصیل بلاسپور۔ آج شفاخانہ بلاسپور کا معائنہ کیا گیا۔ سید عاشق علی ہاسپٹل اسسٹنٹ یہان متعین ہین دوائین جو نئی آئی ہین رجسٹر پر چڑہائی گئین ہین اوزار جراحی صاف سب دوائین سلیقے کیساتھ رکھی ہوئی ہین زہریلی ادویات علیحدہ الماری مین مقفل ہین حالت نہایت عمدہ ہے خوب صفائی اور سلیقہ کام مین لایا جاتا ہے۔ مین ہاسپٹل اسسٹنٹ کے کام سے خوش ہون۔ یہانکے عام اشخاص کو انکی کوئی شکایت نہین ہے مریضونکی تعداد پچاس کے قریب ہے کوئی خاص قسم کا مرض نہین ہے۔

۸ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء ۔ تحصیل شاہ آباد۔ آج مینے شفاخانہ شاہ آباد کا معائنہ کیا۔ مکان صاف ہے۔ دوائین قاعدہ سے الماریون مین لگا دیگئی ہین۔ اس بات سے بابو سیتا رام ہاسپٹل اسسٹنٹ خوش ہین کہ ایک سالکے مصارف کیلئے انکو دوائین مل گئی ہین تھوڑی تھوڑی دوائین آنے سے یہ بہتر طریقہ ہے کہ ایک ہی مرتبہ مین سالانہ ضرورت کے قابل تحصیلات کے شفاخانون مین دوائین بھیجدیا کرین زہریلی دوائین علیحدہ الماریون مین بند رہتی ہین یہ شفاخانہ دوسرے شفاخانونسے بڑا بھی ہے اور سب سے اچھی حالت مین ہے پچپن مریض درج رجسٹر ہین ساٹھ تک ہو جاتے ہین کسی خاص مرض کی شکایت نہین۔ ہاسپٹل اسسٹنٹ علیل ہین اور انکے زخم کو ابھی فائدہ نہین ہے۔ انکی بعض کمپونڈر کی نسبت بعض امور سنے گئے ہین جنکی تحقیقات کے بعد رائے قائم کیجائیگی۔

۱۲ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء ۔ تحصیل ملک۔ آج مینے ملک کے انگریزی شفاخانہ کا معائنہ کیا۔ سب دوائین اور اوزار صاف اچھی حالت مین قرینہ سے چنے ہوے پائے آج اسوقت تک جبکہ مینے معائنہ کیا ۳۵ مریضون کی تعداد تھی رشید الدین ہاسپٹل اسسٹنٹ سے یہان کے لوگ عام طور سے خوش ہین انکو یہان عرصہ بھی زیادہ ہوگیا ہے اور بہت سے مقامی حالات سے واقف بھی ہین افسوس کیساتھ اس تحصیل مین مرض طاعون کی شکایت سنی گئی بریلی رامپور کی سڑک قصبہ کے درمیان مین ہے اور باہر کے آدمی اس وبا کو لے آئے ہین خاص طور سے علاج مین کوشش اور دفعیہ کی تدبیر کرنی چاہئے۔ فقط۔

مطبوعہ پریس ریاست رامپور